دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

رہبر انقلاب اسلامی نے پولیس اکیڈمی کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کیا - 18 /Sep/ 2017

رہبرانقلاب اسلامی نے اتوار کی صبح پولیس اکیڈمی میں پاسنگ آوٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے جامع ایٹمی معاہدے کے حوالے سے امریکہ کی گستاخی کی جانب اشارہ کیا اور اس بات پر تاکید فرمائی کہ امریکہ جامع ایٹمی معاہدے کے حوالے سے ہر روز کوئی نہ کوئی شرارت اور شیطنت انجام دے رہا ہے جس سے امام خمینی رح کے فرمان کی سچائی ثابت ہوتی ہے جس میں آپ نے امریکہ کو بڑا شیطان قرار دیا تھا اور حقیقت میں حکومت امریکہ، سب سے خبیث ترین شیطان ہے۔آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے فرمایا کہ ایٹمی مذاکرات کے دوران تمام تر وعدوں اور مباحثوں کے باوجود، ایٹمی مذاکرات اور اس کے نتائج کے بارے میں امریکہ کا رویہ مکمل ظالمانہ اور ان کی ہٹ دھرمی کا عکاس ہے۔

رہبر انقلاب اسلامی نے اس بات پر بھی تاکید فرمائی کہ امریکیوں کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینا چاہیے کہ ایران کے عوام ٹھوس اور اصولی موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں اور اہم ترین قومی مفادات سے پسپائی کا لفظ اسلامی جمہوریہ ایران کی لغت میں موجود نہیں ہے۔آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے دیگر اقوام کے لیے رول ماڈل بن جانے کو ملت ایران سے دشمنی میں اضافے کی اہم ترین وجہ قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ امریکہ کے مفسد، جھوٹے اور فریب کار حکمراں بڑی بے شرمی کے ساتھ ایران کے عوام اور اسلامی حکومت پر غلط بیانی کا الزام عائد کرتے ہیں، حالانکہ ایران کے عوام نے پوری صداقت کے ساتھ آگے قدم بڑھایا ہے اورپوری صداقت کے ساتھ اس راستے پر آخر تک گامزن رہیں گے۔

قائد انقلاب اسلامی نے، خطے میں اثر و رسوخ پیدا کرنے اور اپنے ناجائز مفادات کی تکمیل کے لیے امریکہ اور اسرائیل کی شرپسندانہ مداخلت نیز قوم کو کمزور کرنے کی کوششوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ امریکہ اور اسرائیل نے داعش کو جنم دیا لیکن مزاحمتی محاذ کے مومن جوانوں کی جدوجہد کے نتیجے میں جب داعش آخری سانسیں لے رہا ہے تو امریکہ اور اسرائیل دوسری خباثت آمیز سازشوں میں مصروف ہیں۔

آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے فرمایا، خطے کی قوموں اور حکومتوں میں طاقت کا احساس پیدا کرکے اور اسے بروئےکار لا کر تسلط پسند طاقتوں اور خاص طور سے امریکہ کے اثر و رسوخ اور توسیع پسندی کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے کیونکہ اگر ہم پیچھے ہٹیں گے تو دشمن آگے بڑھتا چلا آئے گا۔

قابل ذکر ہے کہ رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے اس موقع پر پولیس کے جوانوں اور کمانداروں کو درجوں اور اعزازات سے نوازا جبکہ پولیس کے کمانڈر ان چیف جنرل اشتری نے پولیس کے دستوں کی کارکردگی اور کامیابیوں پر روشنی ڈالی اور رہبر انقلاب اسلامی کو رپورٹ پیش کی۔